University of Karachi

Karachi - 75270, Pakistan

Vice Chancellor

۱۷ نومبر ۲۰۱۰ء

پیغام

میں اسلامک اکیڈمک فورم کی جدو جہد کو سراہتا ہوں اور انہیں علمی و تحقیقی کام کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ مجھے یہ جان کر بڑی مسرت ہوئی ہے کہ اسلامک اکیڈمک فورم (سندھ) کے زیر اہتمام سالانہ صوبائی سیرت النبی ﷺ منعقد کی جارہی ہے بلاشبہ آج عالم اسلام میں اہل علم و دانش کی کمی نہیں لیکن ایسی ہستیاں یقیناً کامیاب ہیں جو اپنے علم کے ساتھ ساتھ ایسے کردار کی بھی حامل ہوں جو دوسروں کیلئے قابل تقلید ہوں یہ صفت صرف اسوۂ رسول اللہ ﷺ کی پیروی ہی سے پیدا ہو سکتی ہے۔

آج ہمارے معاشرہ میں نبوی نظام کا قیام نہ ہونے کی وجہ سے معاشرتی بگاڑ پیدا ہو رہا ہے اور باہمی اتحاد و محبت کا فقدان ہے، اس کی اصلاح کیلئے یہ سیرت کانفرنس یقیناً اندھیری رات میں چراغ کا کام دے گی۔

میں کانفرنس کمیٹی کو مبارک پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس اہم کانفرنس کے انعقاد کی اور ملک بھر کے علماء و مشائخ کو جمع کر کے اُن کے خیالات کی روشنی میں اہم تجاویز کو اُجاگر کرنے میں مدد ملے گی۔ علماء و مشائخ کی ان سفارشات کو عملی طور پر رائج کر کے ایک اہم مقصد حاصل کیا جا سکتا ہے اور اس وقت اس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ نوجوان نسل زیادہ فعال کردار ادا کرے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق دے۔

بقول علامہ اقبالؒ

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

پروفیسر ڈاکٹر محمد قیصر

Phone : (92-21) 99261336, (92-21) 99261337, Fax: (92-21) 99261340
Email: vc@uok.edu.pk Web: www.uok.edu.pk